© rasailojaraid.com



شمارہ میں شامل کیا جا رہا ہے۔

---

المعارف کا اگلا شمارہ خاص نمبر ہوگا۔ یہ ستمبر و اکتوبر کا مشترکہ شمارہ ہوگا اور تعمیری انقلاب کے دہ سالہ جشن کے موقع پر شائع کیا جائے گا۔ گذشتہ دس سال پاکستان میں ہمہ جہتی اصلاح و ترقی کا دور تھے اور اس دور میں اسلامیات، علم و ادب، ثقافت اور دوسرے بعض اہم شعبوں میں جو ترقی ہوئی ہے اس سے متعلق مشہور اہل قلم کے مضامین اس خصوصی شمارہ میں پیش کیے جائیں گے۔

---

ادارۂ ثقافت اسلامیہ نے حال ہی میں چار کتابیں شائع کی ہیں۔ ان میں مسلمانوں کے عقائد و افکار بھی شامل ہے جو امام اشعری کی مشہور تصنیف مقالات الاسلامیین کا سلیس اور شگفتہ ترجمہ ہے۔ شروع میں ایک مبسوط مقدمہ ہے جس میں مولانا محمد حنیف ندوی نے اپنے مخصوص اندازِ نگارش میں امام کے حالات، نظریات اور خدمات پر مفصل روشنی ڈالی ہے۔ آخر میں مفید علمی حواشی اور تعلیقات درج ہیں۔ کتاب کا اشاریہ بھی محنت سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اس کی علمی اہمیت یہ ہے کہ اس میں چوتھی صدی کے اوائل تک کے وہ تمام فلسفیانہ اور متکلمانہ افکار و عقائد آ گئے ہیں جو اس طویل عرصے میں وجہ نزاع رہے۔ مولانا محمد جعفر پھلواروی فقہی مسائل پر آسان اور مدلل انداز میں لکھتے ہیں۔ ان کے مضامین کا ایک مجموعہ اجتہادی مسائل چند سال قبل شائع ہوا تھا اور اب دوسرا مجموعہ مقالات شائع کیا گیا ہے۔ اسلام اور موسیقی بھی مولانا محمد جعفر کی تصنیف ہے۔ طویل اضافوں اور نظر ثانی کے بعد اب اس کا نیا ایڈیشن شائع ہوا ہے۔ مولانا رئیس احمد جعفری کی تازہ تصنیف اسلامی جمہوریت ہے جس میں کتاب و سنت کی روشنی میں اسلام کے تصور جمہوریت کی وضاحت کی گئی ہے جو اپنی نوعیت کے اعتبار سے بالکل منفرد اور یکتا تصور ہے۔ امید ہے علمی حلقوں میں یہ مطبوعات قدر کی نگاہ سے دیکھی جائیں گی۔

(ش ح ر)

© rasailojaraid.com